پریس ریلیز

گوجرانوالہ 02 دسمبر 2023ء

گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری اور پاک برطانیہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے مابین مفاہمتی یادداشت سائن کی گئی ۔جبکہ مفاہمتی یاداشت کی تقریب کی صدارت گوجرانوالہ چیمبر کے صدر شیخ فیصل ایوب نے کی ۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس مفاہمتی یادداشت سے یقیناً گوجرانوالہ اور برطانیہ کی بزنس کمیونٹی کے مابین تجارت کو فروغ دیا جا سکے گا۔اس کیلئے ضروری ہے کہ بروقت معلومات اور تجارتی وفود کا تبادلہ کیا جائے ۔اس موقع پر پاک برطانیہ چیمبر آف کامرس ورحیم یارخان چیمبر آف کامرس کے نائب صدر میاں سعد حسن ،سینئر نائب صدر حمیس گلزار مغل سابق صدور اخلاق احمد بٹ،خواجہ ضرار کلیم ،نعمان صلاح الدین ،سابق سینئر نائب صدر عرفان سہیل ،رکن چیمبر علی ہمایوں بٹ و دیگر موجود تھے۔

اس موقع پر میاں سعد حسن نائب صدر پاک برطانیہ چیمبر آف کامرس ورحیم یارخان چیمبر آف کامرس نے تبادلہ خیال کرتے ہوئے کہا کہ مستقبل میں یہ مفاہمتی یاداشت دونوں اداروں کیلئے نہایت سودمند ثابت ہوگی۔ ہماری کوشش ہے کہ برطانیہ اور گوجرانوالہ کی بزنس کمیونٹی دونوں کے مابین معلومات کا تبادلہ کیا جائے تاکہ ٹریڈ کو فروغ دیکر دنوں ممالک کی معیشت کو مستحکم بنایا جاسکے۔انہوں نے کہا کہ بہت جلد پاک برطانیہ چیمبر آف کامرس سے گوجرانوالہ چیمبر کے تجارتی وفد کو مدعو کیا جائے گا۔جبکہ ان تمام کاوشوں کا مقصد پاکستان کی ترقی اور خوشحالی ہے ۔انشاء اللہ گوجرانوالہ چیمبر اور پاک برطانیہ چیمبر آف کامرس کے مابین ہونے والی مفاہمتی یاداشت اس مقصد کو پورا کریگی۔